Maulana Azad National Urdu University
B.Com - I Semester Examination - December - 2019
(BBCM102CCT) Business Organization & Management
کاروباری تنظیم اورانتظامیہ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

(i) کاروبار کسی شخص کی ذہنی پیداوار ہوتی ہے۔اس شخص کو---------------------- کہتے ہیں۔

(ii) ایسا شریک جو فرم کے انتظام میں حصہ نہیں لیتا---------------- شریک کہلاتا ہے۔

(iii) اعلیٰ انتظامیہ کے ہاتھوں میں اختیارات------------------- ہوتے ہیں۔

(iv) نظریہ وراثت کو------------------ نے پیش کیا۔

(v) ----------------- کو بازارکاری کہتے ہیں۔

بتلائیے کہ ذیل کے بیانات صحیح ہیں یا غلط

(vi) تجارت کا تعلق اشیاء کی خرید وفروخت سے ہے۔ (صحیح/غلط)

(vii) کمپنی اپنے نام پر جائیداد نہیں خرید سکتی۔ (صحیح/غلط)

(viii) کیاش کریڈیٹ مال کے اسٹاک ضمانت پر منظور کیا جاتا ہے۔ (صحیح/غلط)

(ix) چلر فروش دوسرے تاجروں کی اشیاء فروخت کے لئے خریدتے ہیں۔ (صحیح/غلط)

(x) معاشی طاقت کا ارتکاز تقسیم آمدنی میں تفاوت کی رہبری کرتا ہے۔ (صحیح/غلط)

P.T.O

حصہ دوم

2۔ عالمیانہ کیا ہے؟اس کی ضرورت کو بیان کیجیے۔

3۔ کثیر قومی کارپوریشنس کے فائدے اور نقصانات بیان کیجیے۔

4۔ قیادت کے اوصاف بیان کیجیے۔

5۔ موثر تفویض اختیارات کے اُصول بیان کیجیے۔

6۔ مساواتی حصص اور ترجیحی حصص کے درمیان فرق بیان کیجیے۔

7۔ مرکزیت پر مختصر نوٹ لکھیے ۔

8۔ SEBI کے رول کو واضح کیجیے۔

9۔ بازارکاری کیا ہے؟اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ شرکاء کی قسمیں بیان کیجیے۔

11۔ تاجر کی سماجی ذمہ داریوں کو بیان کیجیے۔

12۔ منصوبہ کاری کیا ہے؟اس کے مراحل بیان کیجیے۔

13۔ قیادت کی تعریف کیجئے۔ بتائیے کہ اس کے خصوصیات کیا ہیں۔

14۔ بازارکاری کے تصور کو بیان کیجیے۔

☆☆☆